اطلاع برائے نیلام عام

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کینٹ بورڈ پشاور چھاؤنی میں کھڑے ہوئے سوکھے درخت اور درختوں کے کٹے ہوئے ٹکڑے کینٹ بورڈ نرسری واقع پارسی قبرستان صدر روڈ میں "جہاں ہیں جیسے ہیں" کی بنیاد پر بذریعہ نیلام عام فروخت کرنا چاہتا ہے۔ جو کہ مورخہ 7 مارچ 2025 کو بوقت 11:00 بجے دن کو دفتر کینٹ بورڈ پشاور واقع جلیل روڈ میں حاضر آمد بولی دہندگان کی موجودگی میں منعقد ہوگی۔

شرائط و ضوابط:۔

1۔ بولی دہندگان کو نیلام میں شرکت کے لئے نیلامی سے قبل کال ڈیپازٹ مبلغ چھ لاکھ (06) لاکھ روپے کسی بھی شیڈول بینک سے بنام کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر بمعہ شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ کاپی جمع کرانا ہوگی۔ کسی بھی شخص کا کال ڈیپازٹ جمع کرائے بغیر بولی میں شرکت کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

2۔ کامیاب بولی دہندہ اور دوسرے نمبر پر آنے والے کے علاوہ باقی کال ڈیپازٹ نیلامی کے اگلے روز واپس کر دئے جائیں گے۔

3۔ کامیاب بولی دہندہ کو اپنی دی گئی بولی کا (50%) پچاس فیصد بولی ختم ہونے پر جمع کرانا ہوگا۔ اور بقایا رقم کھڑے سوکھے درختوں اور درختوں کے کٹے ہوئے ٹکڑے اٹھانے سے پہلے جمع کرانا ہوگا۔ اگر بولی دہندہ بقایا آدھی رقم جمع کرانے میں ناکام رہا تو زر بیعانہ کی رقم کینٹ بورڈ فنڈ میں ضبط تصور ہوگی۔

4۔ کامیاب بولی دہندہ کو پیش کردہ بولی کی رقم پر انکم ٹیکس اور سیلز ٹیکس بھی جمع کرانا ہوگا۔

5۔ اگر کامیاب بولی دہندہ مجاز اتھارٹی کی منظوری کے بعد دنوں کے اندر کھڑے سوکھے درختوں اور درختوں کے کٹے ہوئے ٹکڑے اٹھانے میں ناکام رہا تو جمع شدہ رقم بحق کینٹ بورڈ ضبط کر کے نیلامی دوبارہ کی جائے گی۔

6۔ نیلامی کے بعد نیلام شدہ کھڑے درخت اور درختوں کے ٹکڑوں کی حفاظت کامیاب بولی دہندہ پر ہوگی۔

7۔ کنٹونمنٹ اگزیکٹیو آفیسر / مجاز اتھارٹی کو کسی بھی بولی کو تکنیکی یا انتظامی بنیاد پر منظور یا مسترد کرنے کا حق ہے۔

8۔ اگر کوئی شخص پہلے سے کینٹ بورڈ پشاور کا ڈیفالٹر ہو وہ نیلامی میں حصہ لینے کا مجاز نہیں ہوگا۔

9۔ مندرجہ بالا شرائط و ضوابط میں کسی بھی ایک شرط پر پورا نہ اتر سکنے کی صورت میں زر ضمانت بحق کنٹونمنٹ بورڈ ضبط کر لی جائے گی۔

10۔ زیر دستخطی (01) 33 PPRA کینٹ بورڈ پشاور کسی بھی بولی کی تکنیکی / انتظامی بنیاد پر مسترد کرنے کا مجاز ہوگا۔

11۔ کال ڈیپازٹ نیلامی سے کم سے کم چھ دن پہلے دفتر ہذا میں جمع کروانا ہوگا۔

12۔ اگر مقررہ تاریخ کو نیلامی نہ ہو سکی تو دوبارہ نیلامی مورخہ 18 مارچ 2025 اور سہ بارہ مورخہ 19 مارچ 2025 کو بوقت 11:00 بجے دن کو ہوگی۔

مزید معلومات کے لئے گارڈن انچارج کینٹ بورڈ پشاور سے دفتری اوقات کار میں رجوع کیا جاسکتا ہے۔

کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر

Scanned with CamScanner